## سوال

(820)۱۵ منٹ میں ۹ قرآن پڑھنے کا ثواب؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

محترمی ومکرمی شیخ الحدیث صاحب۔

ایک پمفلٹ بعنوان ''صرف ۱۵ منٹ میں ۹ قرآن پاک اور ایک ہزار آیات پڑھنے کا ثواب مل سکتا ہے'' ارسال خدمت ہے۔ جس میں کلامِ حکیم کی کچھ سورتیں اور آیات درج ہیں۔ اس میں بحوالہ احادیث بتایا گیا ہے کہ ان کی مجوزہ تلاوت سے مذکورہ ثواب مل سکتا ہے... یہ طریقہ عام ہونے سے خدشہ ہے کہ اکثر لوگ مکمل قرآنِ کریم کی تلاوت چھوڑ دیں گے۔ آپ سے اس مسئلے پر روشنی ڈالنے کی درخواست ہے۔ (محمد اسلم رانا، شاہدرہ لاہور) (۱۳ جولائی ۲۰۰۱ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مذکور دعویٰ بے بنیاد ہے، شریعت اسلامیہ میں اس کی کوئی اصل نہیں، ''صحیح بخاری'' میں حدیث ہے کہ:

مَنْ اَحْدَثَ فِیْ اَمْرِنَا ہٰذَا مَا لَیْسَ مِنْہُ فَھُوَ رَدٌّ' (صحیح البخاری، باب إِذَا اصْطَلَحُوا عَلٰی صُلْحِ جَوْرٍ فَالصُّلْحُ مَرْدُوْدٌ، رقم: ۲۶۹۷)

''یعنی جو دین میں اضافہ کرے وہ مردود ہے۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**جلد:3، متفرقات: صفحہ:562**

محدث فتویٰ